مختصر سوالوں کے جوابات

سیکنڈ ائیر سوکس پارٹ-II

باب نمبر 1

سوال نمبر 1: 1948ء میں قائداعظم نے سبی دربار سے خطاب کرتے ہوئے کیا فرمایا؟

جواب: "اسلام محض رسوم وروایات اور روحانی نظریات کا نام نہیں ہے یہ ایک ضابطہء حیات ہے جو ہر مسلمان کے لئے ہے تاکہ وہ اپنی روزمرہ زندگی اپنے افعال واعمال اور سیاست ومعاشیات میں اس پر عمل پیرا ہو سکے اسلام میں انسان اور انسان میں کوئی فرق نہیں ہے"

سوال نمبر 2: سرسید احمد خاں کی پانچ تصانیف کے نام لکھیں؟

جواب: (۱) آثار الصنادید (۲) آئین اکبری (۳) خطبات احمدیہ (۴) تبئین الکلام (۵) رسالہ اسباب بغاوت ہند

سوال نمبر 3: آل انڈیا مسلم لیگ کے قیام کے مقاصد تحریر کیجئے؟

جواب: مسلمانوں اور دوسرے فرقوں کے درمیان مفاہمت کی فضا پیدا کرنا۔

مسلمانوں میں انگریزی حکومت کے لئے وفاداری کے جذبات پیدا کرنا۔

ہندوستان کے مسلمانوں کے حقوق ومفادات کا تحفظ کرنا اور ان کے مطالبات کو حکومت کے سامنے پیش کرنا۔

سوال نمبر 4: تحریک خلافت میں الہلال، کامریڈ، ہمدرد اور زمیندار جیسے اخبارات نے انگریز حکومت کے خلاف سخت لہجہ اختیار کیا۔ مسلمانوں کے جذبات کی عکاسی کی اور مسلم عوام کی راہنمائی کرتے رہے۔

سوال نمبر 5: 1935ء کے ایکٹ کے تحت دوعملی کے نظام سے کیا مراد ہے؟

جواب: دوعملی کے نظام سے مراد منتخب نمائندوں اور نامزد نمائندوں میں اختیارات کی تقسیم ہے 1935ء کے ایکٹ کے تحت یہ نظام صرف صوبائی سطح پر متعارف کرایا گیا تھا۔

سوال نمبر 6: تحریک خلافت کے مقاصد تحریر کیجئے۔

جواب: (i) ترکی میں خلافت کا ادارہ قائم رہے۔

(ii) حجاز مقدس میں غیر مسلم فوج داخل نہ ہو۔

(iii) مسلمانوں کے مقدس مقامات کا احترام قائم رہے۔

(iv) ترکی سے اس کے علاقے نہ چھینے جائیں۔

سوال نمبر 7: ڈاکٹر جارج براس نے آئیڈیالوجی کی کیا تعریف کی ہے؟

جواب: ڈاکٹر جارج براس کے مطابق عام زندگی کا ضابطہ یا کوئی پروگرام جس کی بنیاد فکر وفلسفہ پر استوار ہو آئیڈیالوجی کہلاتا ہے۔

سوال نمبر 8: سانحہ چوراچوری سے کیا مراد ہے؟

جواب: چوراچوری ضلع گھورکھپور کا ایک قصبہ ہے جہاں تحریک خلافت کے دوران ایک بڑا جلوس نکلا اور تھانے کو آگ لگا دی گئی جس میں 21 سپاہی جل کر مر گئے۔ گاندھی نے اس سانحہ کو بہانہ بنا کر تحریک خلافت کا ساتھ چھوڑنے کا اعلان کر دیا۔ اس واقع کو سانحہ چوراچوری کہا جاتا ہے۔

سوال نمبر 9: سید حسن ریاض نے اپنی تصنیف پاکستان ناگزیر تھا میں برصغیر کی تقسیم کے حوالے سے قائداعظم کے متعلق کیا لکھا ہے؟

جواب: سید حسن ریاض لکھتے ہیں کہ قائداعظم 1930 سے تقسیم کے فارمولے پر غور کر رہے تھے اور تخلیق پاکستان کے حق میں ان کا ذہن قرارداد پاکستان کی توثیق سے کئی سال پہلے ہی بن چکا تھا۔

سوال نمبر 10: 1911ء میں ہونے والی الہ آباد کانفرنس میں مسلمانوں اور غیر مسلموں کی نمائندگی کس نے کی؟

جواب: مسلمانوں کی نمائندگی سر آغا خاں، قائداعظم، مولانا محمد علی جوہر، وقار الملک اور حکیم اجمل خاں نے کی اور غیر مسلموں کی نمائندگی گوکھلے، سریندر ناتھ بینر جی، ایس پی سنہا اور موتی لال نہرو نے کی تھی۔

www.ilmkidunya.com

www.ilmkidunya.com

سوال:۔ پاکستان میں رائے دہندہ کی شرائط تحریر کریں۔

جواب:(i) پاکستان کا شہری ہو۔

(ii) اس کی عمر کم از کم 18 سال ہو۔

(iii) اسے کسی مجاز عدالت نے دماغی طور پر مفلوج قرار نہ دیا ہو۔

سوال:۔ بنیادی اصولوں کی کمیٹی کیوں تشکیل دی گئی؟

جواب: یہ کمیٹی آئین سازی کے سلسلے میں بنیادی اصول وضع کرنے کے لئے قائم کی گئی تھی۔

سوال:۔ وحدت مغربی پاکستان سے کیا مراد ہے؟

جواب:۔ مغربی پاکستان کے تمام صوبوں اور ریاستوں کو ملا کر ایک صوبہ تشکیل دے دیا گیا۔ اسے وحدت مغربی پاکستان کہا جاتا ہے۔

سوال:۔ مشرقی پاکستان کی علیحدگی میں بڑی طاقتوں کا کیا کردار تھا؟

جواب:۔ بھارت کا روس سے بیس سالہ معاہدہ تھا۔ وہ بھارت کو کھل کر فوجی امداد اور اسلحہ دے رہا تھا۔ جبکہ امریکہ نے بھی اسرائیل کے ذریعے بھارت کو اسلحہ اور فوجی امداد دینا شروع کر دی جسے بھارت نے پاکستان کو دولخت کرنے میں استعمال کیا۔

www.ilmkidunya.com

سوال:۔ پاکستان کے 1973 کے آئین کو وفاقی آئین کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب:۔ کیونکہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے درمیان اختیارات منقسم ہیں۔ ایک وفاقی فہرست اور دوسری مشترکہ امور کی فہرست آئین میں دے دی گئی ہیں۔

سوال:۔ سینٹ کی تشکیل کیسے ہوتی ہے؟

جواب:۔ سینٹ کی کل نشستیں 100 ہیں جنرل نشستیں 66 ہیں۔ 17 نشستیں خواتین کے لیے اور 17 ٹیکنو کریٹس کے لیے مخصوص ہیں۔ صوبائی اسمبلیاں اپنے نمائندوں کو واحد قابل انتقال ووٹ کے ذریعے منتخب کرتی ہیں باقی نشستوں کا انتخاب قومی اسمبلی کے ممبران کرتے ہیں۔

سوال ۔ قومی اسمبلی کے سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کو کیوں منتخب کیا جاتا ہے؟

جواب:۔ سپیکر اجلاس کی صدارت کرتا ہے اس کی عدم موجودگی میں یہ فرائض ڈپٹی سپیکر ادا کرتا ہے۔ سپیکر کا اپنا ووٹ نہیں ہوتا۔ جب کسی مسودے پر ووٹ برابر ہو جائیں تو وہ فیصلہ کن ووٹ (Casting Vote) استعمال کرتا ہے۔

سوال۔۔ پاکستان کا صدر بننے کے لیے کن شرائط کا ہونا لازمی ہیں؟

جواب۔۔(i) وہ مسلمان ہو۔

(ii) اس کی عمر 45 سال سے کم نہ ہو۔

(iii) وہ قومی اسمبلی کا رکن ہونے کا اہل ہو۔

(iv) وہ حکومت کے کسی منافع بخش عہدے پر فائز نہ ہو۔

(v) وہ ذہنی اور جسمانی طور پر مفلوج نہ ہو۔

www.ilmkidunya.com

سوال:۔ وزیر اعظم کا انتخاب کیسے ہوتا ہے؟

جواب: صدر قومی اسمبلی کے رکن کو بطور وزیر اعظم پیش کرتا ہے۔ قومی اسمبلی کے ارکان کی اکثریت اس کی توثیق کرتی ہے۔

سوال:۔ سپریم کورٹ آف پاکستان کی تشکیل کیسے ہوتی ہے؟

جواب: سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کا تقرر صدر پاکستان کرتا ہے جبکہ باقی ججوں کا تقرر صدر پاکستان چیف جسٹس کے مشورے سے کرتا ہے۔ سپریم کورٹ کا جج بننے کے لیے ضروری ہے کہ وہ (1) پاکستان کا شہری ہو (2) پانچ سال تک کسی ہائی کورٹ کا جج رہ چکا ہو (3) پندرہ سال تک کسی ہائی کورٹ میں ایڈووکیٹ کی حیثیت سے کام کر چکا ہو۔

باب 3

www.ilmkidunya.com

سوال نمبر 1: حضورؐ نے علم حاصل کرنے پر کیوں زور دیا؟

جواب: علم حلال وحرام میں تمیز سکھاتا ہے۔ تنگدستی میں دستگیری کرتا ہے اور دشمن کے مقابلے میں بہترین ہتھیار ہے۔

سوال نمبر 2: متضاد نظام تعلیم سے کیا مراد ہے؟

جواب: متضاد نظام تعلیم سے مراد طبقاتی نظام تعلیم ہے پاکستان میں جاگیرداروں اور وڈیروں کے بچوں کے لیے ایچی سن جیسے الگ تعلیمی ادارے ہیں اور غریبوں کے بچوں کے لیے ٹاٹ سکول ہیں اور بعض سکولوں میں ٹاٹ بھی نہیں ہوتے۔

سوال نمبر 3: بیماریوں کی روک تھام کے لیے پاکستان میں کون سے اقدامات کیے جارہے ہیں۔

جواب: ضروری ادویات کی فراہمی اور حفظان صحت کے اصولوں سے آگاہی، عطائی ڈاکٹروں کی حوصلہ شکنی اور ملاوٹ کے خاتمے کے لیے حکومت بھرپور کوشش کررہی ہے۔

سوال نمبر 4: رسمی تعلیم سے کیا مراد ہے؟

جواب: رسمی تعلیم سے مراد پرائمری، ثانوی، اعلیٰ ثانوی اور یونیورسٹی سطح پر عام یا روایتی تعلیم ہے۔ اس تعلیم کا اعلیٰ درجہ ایم۔اے اور ایم۔ایس۔سی ہے اب ہمارے ملک میں ایم۔فل اور پی۔ایچ۔ڈی کی سہولت بھی موجود ہے۔

سوال نمبر 5: افراط آبادی سے کون سے مسائل پیدا ہورہے ہیں؟

جواب: افراط آبادی سے بے روزگاری جہالت اور بیماری جیسے مسائل پیدا ہورہے ہیں۔

سوال نمبر 6: یونیورسٹی کی تعلیم سے کیا مراد ہے؟

اعلیٰ ثانوی تعلیم کے بعد یونیورسٹی کی تعلیم شروع ہوتی ہے۔ یونیورسٹی کے علاوہ بہت سارے کالجوں میں بھی اعلیٰ تعلیم دی جاتی ہے۔

سوال نمبر 7: مناسب تعلیم سے شہریوں میں کون سی خوبیاں پیدا کی جاسکتی ہیں؟

جواب: مناسب تعلیم سے انسان کی فطری صلاحیتیں پروان چڑھتی ہیں۔ تعلیم یافتہ شہریوں میں حقوق وفرائض کا شعور پیدا ہوجاتا ہے۔

سوال نمبر 8: صحت سے کیا مراد ہے؟

جواب: صحت سے مراد بیماری کی عدم موجودگی ہے انسان کا جسم بیماریوں سے محفوظ ہو اور اس کا ذہنی رویہ درست ہو تو ایسے انسان کو صحت مند انسان کہا جاتا ہے۔

سوال نمبر 9: صحت کی سہولتیں فراہم کرنے کے لیے ضلعی حکومتیں کیسے کام کرتی ہیں؟

جواب: صدارتی آرڈیننس 2001 کے تحت محکمہ صحت کو ضلعی حکومتوں کے ماتحت کیا گیا تھا۔ اب اس کے بہت سے امور ضلع کے ماتحت نہیں رہے۔ البتہ ہر ضلع میں E.D.O (Health) ابھی تک کام کررہے ہیں۔ جو اپنے نگران افسران کے ساتھ مل کر صحت کی سہولتیں فراہم کرتے ہیں۔

سوال نمبر 10: تعلیمی مسائل کے حل کے لیے حکومتی سطح پر کیے جانے والے پانچ اقدامات بیان کریں۔

جواب: (i) دور دراز علاقوں میں پرائمری سکول کھولے جارہے ہیں۔

(ii) شہروں میں کالج اور یونیورسٹیاں قائم کی جارہی ہیں۔

(iii) فنی سائنسی اور پیشہ ورانہ تعلیم کی طرف توجہ دی جارہی ہے۔

(iv) خواندگی کی شرح بڑھانے کے لیے روایتی تعلیمی ادارے کھولے جارہے ہیں۔

(v) صنعتی تعلیم دینے کے لیے غیر سرکاری فلاحی تنظیموں کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے۔

باب نمبر 4

www.ilmkidunya.com

سوال نمبر 1: اجماع سے کیا مراد ہے؟

جواب: کسی مخصوص دور میں کسی ایسے مسئلے پر جس کا حکم قرآن وسنت میں واضح نہ ہو اُس دور کے علماء کا متفق ہو جانا اجماع کہلاتا ہے۔

سوال نمبر 2: ضلع کی سطح پر اختیارات کی تقسیم کیسے کی گئی ہے؟

جواب: سابق جنرل پرویز مشرف کے دور میں صوبائی حکومتوں کے کچھ اختیارات ضلعی حکومتوں کو دے دیئے گئے تھے۔ اب ضلعی حکومتیں ختم کر دی گئی ہیں۔

سوال نمبر 3: ٹریفک کو کنٹرول کرنے کے لیے ٹریفک پولیس کیا کردار ادا کرتی ہے؟

جواب: ٹریفک پولیس کے اہل کار قواعد کے مطابق ٹریفک کو گزارتے ہیں۔ اگر کوئی شہری بغیر لائسنس گاڑی چلا رہا ہو یا ٹریفک قواعد کی خلاف ورزی کا مرتکب ہو تو اس کا چالان کیا جاتا ہے۔

سوال نمبر 4: پاکستان میں معاشرتی نظم وضبط کی موجودہ حالت کیسی ہے؟

جواب: پاکستان میں معاشرتی نظم وضبط کی جڑیں مضبوط نہیں ہیں۔ امن وامان کا بہت بڑا مسئلہ ہے اور انصاف کے تقاضے پورے نہیں ہو رہے۔

سوال نمبر 5: ہائی وے پٹرولنگ سے کیا مراد ہے؟

جواب: شاہراہوں پر راہزنوں، ڈاکوؤں اور دیگر جرائم پیشہ افراد کی روک تھام کے لیے پولیس کے دستے گشت کرتے ہیں۔ اس کاروائی کو پٹرولنگ کہتے ہیں۔

سوکس باب نمبر 5

www.ilmkidunya.com

سوال نمبر 1: قومی یکجہتی کا مفہوم واضح کریں۔

جواب: قومی یکجہتی کا مفہوم یہ ہے کہ قوم کے اندر ہر فرد دوسرے فرد کے لئے اور ہر گروہ دوسرے گروہوں کے لیے قربانی اور اشتراکِ عمل کا جذبہ رکھتا ہو۔

سوال نمبر 2: پاکستان میں صوبائی پرستی کا خاتمہ کیسے ممکن ہے؟

جواب: صوبائیت پرستی کے خاتمہ کے لیے صوبائیت پرستی کو ہوا دینے والے تنگ نظر اور مفاد پرست عناصر کی بیخ کنی ضروری ہے۔

سوال نمبر 3: اسلامی ریاست کیسے ایک مثالی ریاست بن سکتی ہے؟

جواب: اسلامی ریاست منصفانہ معاشی نظام نافذ کرتی ہے اور اس کے اندر بسنے والی غیر مسلم اقلیتیں بھی محفوظ اور مطمئن ہوتی ہیں۔

سوال نمبر 4: قومی یکجہتی کے فروغ کے لئے ذرائع ابلاغ کا کیا کردار ہے؟

جواب: اخبارات، رسائل، ریڈیو اور ٹیلی ویژن جذبہ حب الوطنی اور اسلامی اخوت کے جذبات پیدا کریں تو قومی یکجہتی کو فروغ مل سکتا ہے۔

سوال نمبر 5: پاکستان میں جمہوریت کی کامیابی کیسے ممکن ہے؟

جواب: سیاسی جماعتوں کے لئے ضابطہ اخلاق ترتیب دیا جائے اور عوام میں سیاسی شعور پیدا کرنے کے لئے تعلیم کو عام کیا جائے۔

باب نمبر 6

www.ilmkidunya.com

سوال نمبر1: ڈیورنڈ لائن سے کیا مراد ہے؟

جواب: پاکستان اور افغانستان کی سرحد کو ڈیورنڈ لائن کہتے ہیں۔ یہ لائن 1893 میں سر ڈیورنڈ نے افغان بادشاہ امیر عبدالرحمٰن سے معاہدہ کر کے متعین کی تھی۔

سوال نمبر2: معاشی اور معاشرتی کونسل کون سے فرائض سرانجام دیتی ہے؟

جواب: معاشی و معاشرتی کونسل درج ذیل فرائض انجام دیتی ہے۔

(i) دنیا بھر کے عوام کو معاشی و معاشرتی حقوق کی فراہمی۔

(ii) انسانوں کے معیار زندگی کو بلند کرنا۔

(iii) سائنسی، تعلیمی اور ثقافتی شعبوں میں تعاون کی فضا پیدا کرنا۔

(iv) جامع منصوبہ بندی کے لیے مختلف کمیشن بنانا۔

سوال نمبر3: اقتصادی تعاون کی تنظیم کے مقاصد تحریر کریں؟

جواب: (i) معاشی اور تکنیکی میدانوں میں تعاون۔

(ii) علاقائی تجارتی منصوبوں پر عمل درآمد۔

(iii) باہمی امداد کے ساتھ ترقی کی منازل طے کرنا۔

(iv) تجارتی شعبوں میں ایک دوسرے کو سہولتیں مہیا کرنا۔

سوال نمبر4: پاکستان اور ایران کے درمیان سرحدی سمجھوتہ کب ہوا؟

جواب: پاکستان اور ایران کے درمیان سرحدی سمجھوتہ 1956ء میں ہوا۔

سوال نمبر5: سندھ طاس معاہدے سے کیا مراد ہے؟

جواب: 1960 میں پاکستان اور بھارت کے درمیان پانی کے مسئلے کے حل کے لیے سندھ طاس معاہدے پر دستخط ہوئے۔

سوال نمبر6: پاکستان اور عوامی جمہوریہ چین کے درمیان تعلقات کا آغاز کب ہوا؟

جواب: 1949ء میں عوامی جمہوریہ چین کے قیام کے چند ماہ بعد ہی پاکستان نے اسے تسلیم کر لیا اور 1954-55 میں پاک چین تعلقات کا باقاعدہ آغاز ہوا۔

سوال نمبر7: پاکستان کی خارجہ پالیسی آزاد اور خودمختار کیوں ہے؟

جواب: شروع میں پاکستان امریکی بلاک سے وابستہ تھا لیکن اب پاکستان غیر جانبدار ملکوں کی تحریک سے وابستہ ہے اس لئے پاکستان کی خارجہ پالیسی آزاد اور خودمختار ہے۔

سوال نمبر8: ریاست جموں کشمیر کی آزادی کے لیے پاکستان کا کیا کردار ہے؟

جواب: پاکستان کشمیریوں کی سفارتی، سیاسی، اور اخلاقی امداد کرتا ہے اور دنیا بھر کی قوموں کی حمایت حاصل کرنے میں مصروف ہے۔

سوال نمبر9: ورلڈ ٹریڈ سنٹر کا واقعہ کب اور کہاں رونما ہوا؟

جواب: ورلڈ ٹریڈ سنٹر کا واقعہ 11 ستمبر 2001 نیویارک میں رونما ہوا۔

سوال نمبر10: اقوام متحدہ کے قیام کے کیا مقاصد ہیں؟

جواب: (i) بین الاقوامی امن کا قیام۔ (ii) معاشی، معاشرتی تعاون۔ (iii) انصاف کی فراہمی۔ (iv) انسانی مسائل کا حل۔